SECURITIES & EXCHANGE COMMISSION OF PAKISTAN

**PRESS RELEASE**

For immediate release

April 12, 2023

# ایس ای سی پی نے ڈیجیٹل لینڈنگ ایپلی کیشنز وائٹ لسٹ شائع کر دی

اسلام آباد، 12 اپریل: سکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان نے اپنی ویب سائٹ پر، گوگل کی پاکستان میں ڈیجیٹل قرض دینے والی ایپس کے لیے پالیسی میں تبدیلی کے بعد، ڈیجیٹل قرض دینے والی موبائل ایپس کی وائٹ لسٹ شائع کر دی ہے۔

یہ وائٹ لسٹ، 31 مئی 2023 سے، گوگل کے لیے ریگولیٹر کی منظور شدہ ایپس کو پلے اسٹور پر دستیاب کرنے سے پہلے ان کی توثیق کرنے کے لیے ریفرنس پوائنٹ کے طور پر کام کرے گی۔ ایس ای سی پی کی جانب سے کسی ایپ کی منظوری یا مسترد ہونے پر فہرست کو اپ ڈیٹ کیا جائے گا۔

وائٹ لسٹ میں لائسنس یافتہ نان بینکنگ فنانشل کمپنیوں کی منظور شدہ ایپس کے نام شامل ہیں۔اس کے علاوہ ایسی لائسنس یافتہ نان بینکنگ فنانشل کمپنیوں کی ایپس جو 27 دسمبر 2022 سے کام کر رہی تھیں اور سرکلر 15 کے تحت طے شدہ تقاضوں کے مطابق مطلوبہ سائبر سیکیورٹی سرٹیفیکیشن کے ساتھ منظوری کے لیے درخواست دے چکی ہیں، ان کے نام بھی اس لسٹ میں شامل ہیں۔ پاکستان ٹیلیکمیونیکیشن اتھارٹی کی منظور شدہ سائبر سیکیورٹی فرم سے سرٹیفیکیشن اس بات کی تصدیق کرتی ہے کہ ایپس کو صارفین کے ذاتی ڈیٹا تک رسائی حاصل نہیں ہے۔

سرکلر 15 ڈیجیٹل قرض دینے کے معیارات تعین کرتا ہے، جن میں ڈیٹا کی رازداری اور قرض لینے والوں کی فون بک یا فوٹو گیلریوں تک رسائی پر پابندی کو یقینی بنانے کے لیے مناسب سائبر سیکیورٹی اقدامات اور کنٹرولز کا تعین شامل ہیں۔

ایس ای سی پی ڈیجیٹل قرض دینے والی نان بینکنگ فنانشل کمپنیوں کو تلقین کرتا ہے کہ وہ کسی بھی قسم کے ریگولیٹری رد عمل سے بچنے کے لیے سرکلر 15 میں بیان کردہ تقاضوں کے مطابق جلد از جلد اپنی ایپس کی منظوری کے لیے مطلوبہ دستاویزات جمع کرائیں۔ قرض دہندگان کو بھی آگاہ کیا جاتا ہے کہ وہ کسی بھی ڈیجیٹل قرض دینے والی ایپ سے قرض لینے سے پہلے ایس ای سی پی کی وائٹ لسٹ سے ایپ کی قانونی حیثیت کی تصدیق کر لیں۔

Securities and Exchange Commission of Pakistan
NICL Building, 63 Jinnah Avenue, Islamabad
Tel: 051-9214005